Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۵۱ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۴ رجمادی الثانی ۱۳۴۵ھ مطابق ۲۰ دسمبر ۱۹۲۶ء | جلد ۳۸

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	رخصت ماسٹر لاڈلے بہاری لال صاحب ...	۱ و ۲
۲	اضافہ جات [illegible] ہائی اسکول ...	۲
۳	تبدیل عہدہ منشی [illegible] لال صاحب ...	۳
۴	انتظام سلسلہ [illegible] اسسٹنٹ سرجن ...	۳
۵	نامزدگی شوکت بیگم [illegible] صاحبہ [illegible] عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم ...	۳
۶	تقرر منشی مولوی مظفر علی خاں صاحب ...	۳
۷	اضافہ جات اہلکاران وملازمان عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم ...	۳ و ۴
۸	شمول الاؤنس وغیرہ در تنخواہ سید محمد منیر صاحب اتالیق ...	۴
۹	رخصت عبد الحمید قرشی [illegible] ...	۴
۱۰	نقشہ جات نقشہ نرخنامہ اجناس ...	ضمیمہ

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۹ دسمبر ۱۹۲۶ء

عرضداشت دربارہ منظوری رخصت مزید رعایتی یک ماہ ماسٹر لاڈلے بہاری لال بی اے و تقرر عارضی سید مسعود احمد بی اے بمشاہرہ [illegible] تا ایام رخصت ماسٹر لاڈلے بہاری لال۔

حکم

بانتظام مندرجہ رپورٹ ایک ماہ کی مزید رخصت رعایتی منظور ہے۔ کاغذ

بغرض اجرا احکام واپس ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض میر سامانہ

جناب عالی

ماسٹر لاڈلے بہاری لال بی اے ملازم ہائی اسکول کی رخصت ایک ماہ رعایتی برائے علاج چشم اجلاس ہمایون سے منظور فرمائی گئی ہے۔ اور بجائے ماسٹر لاڈلے بہاری لال ماسٹر سید مسعود احمد بی اے کا عارضی تقرر بر پچھتر روپیہ تنخواہ پر منظور فرمایا گیا ہے۔ اب منشی رگھبیر سہائے اسسٹنٹ میر منشی محکمۂ عالیہ دارالانشا کی تحریر مشمولہ میں ماسٹر لاڈلے بہاری لال کو مزید رخصت رعایتی ایک ماہ عطا فرمائی جانیکی استدعا ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے اور گزارش ہے کہ بصورت منظوری رخصت ماسٹر سید مسعود احمد بی اے کا عارضی تقرر ایام رخصت ماسٹر لاڈلے بہاری لال میں پچھتر تنخواہ پر منظور فرمایا جائے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

اضافہ جات

۹؍ دسمبر ۱۹۲۶ء

عرضداشت درباره پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ پانچ ٹیچرس ہائی اسکول موجب گریڈ منظور شدہ۔

حکم

پانچ اسم ٹیچرس ہائی اسکول کی تنخواہ موجودہ مین پانچ پانچ روپیہ ماہوار اضافہ بموجب گریڈ منظور شدہ تاریخہائے مندرجہ رپورٹ سے منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرا احکام صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض میر سامانہ

جناب عالی

موافق گریڈ منظور شدہ اجلاس ہمایون ہائی اسکول کے حسب ذیل ٹیچرس پانچ پانچ روپیہ ماہوار ترقی کے مستحق ہین۔ لہذا عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

		موجودہ تنخواہ	تاریخ استحقاق
(۱)	سید عبدالرحیم بی اے	لعہ	۱۰؍ نومبر ۱۹۲۶ء سے
(۲)	سید اختر علی " "	دلعہ	۱۱؍ نومبر ۱۹۲۶ء سے
(۳)	بابو پرشوتم چترو " "	دلعہ	ایضاً
(۴)	بابو کشن گوپال " "	لعہ	ایضاً
(۵)	سید اشفاق حسین "	دلعہ	۱۴؍ نومبر ۱۹۲۶ء سے

تبدیل عہدہ

۹؍ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبۂ عرضداشت صاحب سکرٹری بہادر تعمیرات صنعت و حرفت درباره تبدیل عہدہ مسٹر بابو لال گپتا

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ کاغذ صاحب سکرٹری بہادر صنعت و حرفت کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض میر سامانہ

جناب عالی

مسٹر بابو لال گپتا عرصہ سے بطور انجنیر خاص باغ مین تعینات ہین لیکن انکا عہدہ پرسنل اسسٹنٹ کے نام سے ہے جو قابل منسوخی ہے۔ اور جبکہ کوئی کام انسے نہین لیا جاتا ہے۔ لہذا بحضور اقدس و انور گزارش ہے کہ برائے آئندہ بہ تنخواہ و الاونس موجودہ انکا عہدہ بجائے پرسنل اسسٹنٹ کے انجنیر تعمیرات خاص باغ منظور فرمایا جائے۔ اختیارات بھی جو انکو اسوقت حاصل ہین بدستور بحال رہین گے۔ والادب۔ دولت جاوید باد

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

واقع ۱۲ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

ڈاکٹر دیا رام اسسٹنٹ سرجن کا انتقال ہوگیا - انکا نام برآوردہ سے خارج کیا جائے (تاریخ فوتی سے) اور بجائے انتظام عارضی کے حسب استدعائے صاحب چیف میڈیکل افسر باتفاق رائے صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر شفاخانہ کا انتظام حسب ذیل منظور کیا جاتا ہے -

۱ - ڈاکٹر جگن ناتھ باضافہ پندرہ روپیہ ماہوار سینیر اسسٹنٹ سرجن مقرر ہون وہ بدستور اسٹاف ڈسپنسری مین مامور رہین گے -

۲ - ڈاکٹر سرن بہاری لال باضافہ پچاس روپیہ اسسٹنٹ سرجن مقرر کئے جائیں - انکو دوسو پچاس روپیہ تنخواہ ملیگی - اور آیندہ کوئی الاونس نہین ملیگا

۳ - ڈاکٹر احمد علیخان ہیلتھ افیسر میونسپلٹی کی خدمات شفاخانہ کو منتقل کرکے وہ اسسٹنٹ سرجن مقرر ہون - شفاخانہ سے انکو ایک سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملیگی -

۴ - ڈاکٹر عاظم مرزا اسسٹنٹ سرجن کو شفاخانہ سے میونسپلٹی کو بعہدہ ہیلتھ افیسر منتقل کیا جائے - وہان انکو [illegible] روپیہ تنخواہ اور پچیس روپیہ ماہوار الاونس ملیگا - صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کو بھی اس سے اتفاق ہے دوسری رپورٹ شامل کاغذات ہے - احکام حسب صراحت بالا جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالی جناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۱ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

۱ - شوکت علیخان پیشکار اسوقت ٹوشیر کے نام سے تحریر مین لکھا جاتا تھا - یعنی پیشکار پرنسز ٹوشیر - مگر اب وہ ہماری پیشی کرتا ہے - آیندہ وہ ہمارا پیشکار نامزد کیا جائے - لہذا

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - اور حکم ہذا درج گزٹ کیا جائے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۲ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

مولوی مظفر علیخان صاحب ایک دیرینہ متوسل ریاست ہین - اور زیر تعلیم عزیز علی بھی جگہ دے چکے ہین نظر بہ حقوق و استحقاق قدیمی انکی پرورش مقصود ہے نیز اس معاملہ مین سرکار دولتمدار سے بھی اجازت ہوچکی ہے - لہذا

حکم ہوا کہ

مولوی مظفر علیخان صاحب کے مبلغ پچیس روپیہ ماہوار بطور پنشن مقرر ہون صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون - حکم ہذا درج گزٹ کیا جائے - یکم دسمبر سنہ حال سے منظوری دیجاتی ہے -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

واقع ۱۴ر دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

چونکہ ہمارے سپرد دفتر کا کام ہوگیا ہے - اس لئے ہم خود کام کا ہر اہلکار اور ملازم کے اندازہ کرتے ہین - اس بنا پر کمی بیشی بجٹ کا لحاظ کرکے بعض ملازمان و اہلکاران کو مستحق اضافہ سمجھتے ہین - اسوقت (یکم جنوری سنہ ۱۹۲۷ء) سے مبلغ ایکسو پچیس روپیہ دینا منظور ہے - بجٹ مین ماہوار [illegible] کے ملازمان کی کمی کردی گئی عام بجٹ سے صرف چار روپیہ لیکر پورا اضافہ منظور کیا جاتا ہے - بجٹ کے ماہوار [illegible] اس طرح بچے کہ خورشید مرزا اتالیق مشاہرہ دار [illegible] ماہوار اور مولوی نذیر احمد مشاہرہ دار [illegible] ماہوار اور مولوی عزت علی خوشنویس الاونس پانچ روپیہ ماہوار برخاست ہوچکے ہین احکام جاری کردیے گئے - اب سمی [illegible] مشاہرہ دار [illegible] ماہوار برخاست کردیا گیا - اور اختیار علی [illegible]

مشاہرہ دار [illegible] ایاز [illegible] مشاہرہ دار [illegible] کی موقوفی کا بھی اجرا احکام ہوچکا - اور عزیز احمد موٹر ڈرائیور مشاہرہ دار [illegible] ماہوار برخاست کردیا انکی جگہ [illegible] ماہوار جدید موٹر ڈرائیور رکھا گیا ہے - جسکا حکم صدر سے جاری ہوگیا - پانچ روپیہ کی اسمین سے گنجایش نکل آئی - اسطرح کل [illegible] منظوری [illegible] ہوگئے - منجملہ رقم مذکور کے مولوی مظفر علیخان صاحب کو [illegible] ماہوار پنشن دیدی گئی جسکا اجرا ہوگیا - اور میجر نور محمد خانصاحب اے ڈی سی کے [illegible] ماہوار ترقی کی سرکار مین استدعا کردیگئی - یہ [illegible] روپیہ صرف کرنے کے بعد [illegible] بچے ہین جسمین سے حسب ذیل اضافے یکم جنوری سے دئے جاتے ہین - اور [illegible] کا نام خارج کیا جائے - انگلش کلرک کا کام قابل اطمینان [illegible]

اسلئے وہ مع اضافہ مستقل کیا جائے - خدمتگاران پرائیوٹ و خدمتگاران انگریزی و بہرہ کی حالت ترقی ہو چکی ہے - اسکے علاوہ خدمتگاران کی شرح تنخواہ دس روپیہ مقرر کر دی گئی اسلئے ان تین بہروں کی ترقی جنہوں نے حال میں اضافہ نہیں پایا ہے کیجاتی ہے - اور عبد المجید اسٹور باورچیخانہ اور مدد علیخان داروغہ کوٹھی سید منظور علی داروغہ اصطبل آیندہ منصرمان کے نام موسوم کئے جائینگے -

نمبر شمار	نام اہلکار یا ملازم	عہدہ	تنخواہ موجودہ	الاؤنس موجودہ	اضافہ از یکم جنوری ۲۷ء	کل جو اب چلیگا
۱	منشی شوکت علیخان	پیشکار و سپرنٹنڈنٹ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۲	منشی مکھن لال	اکاؤنٹنٹ	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۳	بابو سید شوکت علی	انگلش کلرک	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
۴	رام رتن	گماشتہ	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۵	منشی مختار احمد خان	اہلمد باورچیخانہ	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۶	عبد المجید	اسٹور	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۷	مدد علیخان	داروغہ کوٹھی	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۸	سید منظور علی	داروغہ اصطبل	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۹	الٰہی بخش	بارکر	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۰	عبد القیوم خان	〃	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۱	سکلن	فنر	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۲	حکیم اللہ	موٹر ڈرائیور	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۳	بشیر	〃	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۴	مقبول حسین	انگریزی باورچی	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۵	عاشق	باورچی	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۶	پیارا	کبابی	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۷	سید ارشاد علی	دفتری	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۸	ننھے	بہرہ	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۱۹	گلشن	〃	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۲۰	سردار	〃	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]
۲۱	چندا	چودہری	[illegible]	•	[illegible]	[illegible]

حکم ہوا کہ

حسب صراحت روبکار اضافہ دیا جائے - ننھے باورچی کا نام خارج کیا جائے - نقل روبکار پوری درج گزٹ ہو -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۱۵ دسمبر ۱۹۲۶ء

حسب استدعا سید محمد صغیر صاحب اتالیق (جو پہلے منجھلے صاحب بہادر کے اتالیق تھے - اور اب حسب ایما بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم نواسہ گان بہادر کے اتالیق ہیں - اور مبلغ تیس روپیہ تنخواہ اور [illegible] الاؤنس پاتے ہیں) یہ الاؤنس انکی تنخواہ میں شامل کیا جائے - بجائے تیس روپیہ تنخواہ کے اب پینتیس روپیہ تنخواہ رہیگی -

اتالیق مذکور ایام قیام راجکوٹ میں مبلغ پندرہ روپیہ ماہوار راجکوٹ کا الاؤنس پاتے ہیں - چونکہ مدت قیام راجکوٹ قریباً نو ماہ ہوتی ہے - اور رامپور کے قیام کے لئے زیادہ سے زیادہ صرف تین ماہ - اس تین مہینہ کے لئے بار بار مسدودی و اجراء الاؤنس کا عملدرآمد ہوتا ہے - اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہ پندرہ روپیہ راجکوٹ والے انکو دوازدہ ماہی ملا کریں - اور یہ الاؤنس مستقل مقرر رہے - البتہ راجکوٹ کے جانیکی تاخیر اور کوئی الاؤنس نہیں دیا جائیگا - نہ وہ ایسی درخواست کریں - لہذا

حکم ہوا کہ

یکم جنوری سے عملدرآمد حکم ہذا کیا جائے - نقل روبکار ہذا پوری درج گزٹ ہو - صدر احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۲ دسمبر ۱۹۲۶ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مصدقہ حاکم صاحب صدر درباره منظوری رخصت عارضی یکماہ منشی عبد الحمید فرق امین حضور تحصیل بذمہ داری حشمت علیخان نقلنویس بضرورت کارہائے متعلقہ خانہ داری -

حکم

حسب رائے حاکم صاحب صدر رخصت یکماہ فرق امین حضور تحصیل بذمہ داری حشمت علیخان نقلنویس منظور ہے - احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۱۲ دسمبر لغایت ۱۹ دسمبر سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۶ ار				۷ ار	۷ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۲ ار				۸ ار	۷ ار	
نخود کسر آمیز	۸ ار				۹ ار	۷ ار	
کتہ	۵ ار				۹ ار	۸ ار	
بشش	۷ ار				۷ ار	۹ ار	
مونگ	۱۲ ار				۰	۷ ار	
مکا	۹ ار				۹ ار	۱۰ ار	
جئی	۹ ار				۱۱ ار	۱۲ ار	
گوجئی	۸ ار				۰	۱۱ ار	
عدس	۴ ار				۰	۴ ار	
ارہر	۵ ار				۰	۶ ار	
برنج	۵ ار				۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۷ چھٹانک				۰ ار	۰ ار	
روغن سیاہ	۱ ۲ ار				۱ ۲ ار	۱ ۲ ار	
روغن کنجد	۲ ار				۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار				۱۲ ار	۱۳ ار	
نمک لاہوری	۶ ار				۰	۸ ار	
قند سیاہ	۶ ار				۴ ار	۹ ار	
باجرہ	۵ ار				۰	۰	

سرکاری پریس ریاست رامپور

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور ششماہی دوم من ابتدا اپریل سنہ ۱۹۲۶ء لغایت ستمبر سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدایش: مرد: مسلمان	تفصیل پیدایش: مرد: ہندو	تفصیل پیدایش: عورت: مسلمان	تفصیل پیدایش: عورت: ہندو	تفصیل پیدایش: میزان	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک: مرد	ایک سال سے ۵ سال تک: عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک: مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک: عورت	۱۲ سال سے زیادہ: مرد	۱۲ سال سے زیادہ: عورت	میزان: مرد	میزان: عورت	تفصیل مذہب: مسلمان	تفصیل مذہب: ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ گزیدہ	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۱۶۵	۵۵	۱۰۵	۲۷	۳۵۲	۲۷۰	۸۲	۱۲۱	۹۲	۱۱	۸	۱۱۲	۱۱۴	۲۴۵	۲۱۵	۳۵۰	۱۱۰	۴۴	۳۴	۰	۳۸۰	۲	۰	۰	۴۶۰	
گنج	۱۵۲	۴۹	۹۳	۱۶	۲۹۸	۲۴۵	۶۵	۱۱۷	۷۵	۱۴	۲۳	۹۴	۱۱۲	۲۲۵	۲۱۰	۳۸۷	۴۸	۷۱	۲۰	۰	۲۴۴	۰	۰	۰	۴۳۵	
نوائی شہر	۶۲	۵۴	۵۳	۳۴	۲۰۳	۱۱۵	۸۸	۳۴	۳۹	۹	۲	۵۵	۲۵	۹۷	۵۶	۹۲	۶۱	۷	۹	۰	۱۳۷	۰	۰	۰	۱۵۳	
عظیم نگر	۱۳۲	۱۰۹	۷۸	۷۱	۴۰۰	۲۷۰	۱۸۰	۸۲	۴۴	۱۵	۷	۷۴	۶۰	۱۷۱	۱۳۱	۱۸۳	۱۱۹	۰	۴۸	۰	۲۴۵	۹	۰	۰	۳۰۲	
شاہ آباد	۷۷	۱۸۴	۸۷	۱۴۴	۴۹۲	۱۶۴	۳۲۸	۸۹	۶۲	۲۰	۲۶	۱۱۶	۸۹	۲۲۵	۱۷۷	۱۰۱	۳۰۱	۰	۱۰۲	۰	۲۲۹	۹	۰	۶۲	۴۰۲	
پٹوائی	۱۹	۹۰	۸	۱۴۶	۲۶۳	۲۷	۲۳۶	۲۹	۴۳	۱۴	۳	۴۷	۳۵	۱۱۰	۸۱	۴۶	۱۴۵	۰	۲۰	۰	۱۴۷	۲	۲	۰	۱۹۱	
ملک	۵۱	۳۴۲	۳۴	۳۱۲	۷۳۹	۸۵	۶۵۵	۱۲۹	۱۰۰	۱۹	۱۴	۱۱۴	۹۵	۲۹۲	۲۰۹	۷۲	۴۲۹	۰	۷۳	۰	۴۲۰	۹	۰	۰	۵۰۱	
بلاسپور	۱۳۳	۱۳۷	۱۲۳	۱۰۷	۵۰۰	۲۵۶	۲۴۴	۳۵	۲۹	۱۳	۶	۱۳۱	۹۲	۱۲۹	۱۲۷	۱۲۴	۱۳۲	۱	۶	-	۲۸۸	۱۱	۰	۰	۲۰۶	
کیمری	۵۸	۱۳۶	۲۶	۹۸	۳۱۸	۸۴	۲۳۴	۳۶	۲۴	۱۸	۸	۹۴	۶۷	۱۴۹	۱۰۹	۱۰۷	۱۵۱	۵۰	۴	۱۹۱	۱۳	۰	۰	۰	۲۵۸	
سوار	۱۱۹	۷۱	۸۳	۶۷	۳۴۰	۲۰۲	۱۳۸	۴۴	۳۸	۱۲	۶	۱۲۸	۸۰	۱۸۴	۱۲۴	۱۹۱	۱۱۷	۹	۷	۰	۲۹۲	۰	۰	۰	۳۰۸	
ٹانڈہ	۱۰۱	۹۷	۸۸	۸۴	۳۷۰	۱۸۹	۱۸۱	۷۰	۵۲	۸	۱۴	۷۰	۶۰	۱۳۸	۱۲۶	۱۶۶	۱۰۸	۰	۲۶	۰	۱۴۲	۶	۰	-	۲۶۴	
میزان	۱۰۷۹	۱۲۰۵	۷۸۷	۱۱۰۹	۴۱۷۷	۱۸۶۶	۲۳۱۱	۷۸۷	۴۱۹	۱۵۳	۱۱۷	۱۲۸۶	۸۲۹	۲۲۲۵	۱۵۶۵	۱۸۶۹	۱۷۲۱	۱۸۲	۳۴۸	۱۹۱	۲۵۷۷	۴۸	۲	۶۲	۳۵۹۰	

سرکاری ... رامپور